☆☆☆اسلام آباد اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا منفرد اخبار☆☆☆
Daily Email:Dailyqaviakhbar@gmail.com / asadch143@gmail.com
Qavi Akhbar Islamabad
ABC Certified
روزنامہ
قوی اخبار
اسلام آباد
ایڈیٹر: اسد محمود چوہدری
جلد نمبر: 3 منگل 16 اپریل، 7 شوال المکرم 2024ء، صفحات 4، قیمت 10 روپے شمارہ نمبر: 311

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کا اجلاس، امریکہ اور اسرائیل کی ایران کو دھمکیاں

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے اجلاس میں اسرائیل اور امریکا کے مندوبین نے تلخ تقاریر کیں اور ایران کو سنگین نتائج بھگتنے کی دھمکیاں دیں جس کے جواب میں ایران نے بھی بھرپور جوابی کارروائی کا عندیہ دیا

اگر ایران پر پابندیاں لگائیں اس سے پہلے کہ بہت دیر ہو جائے، (اسرائیل) اسرائیل یا امریکا نے حملہ کیا تو اپنے دفاع کے حق کو بھرپور طور پر استعمال کرتے ہوئے منہ توڑ جواب دیں گے، (ایران)

جنیوا (مانیٹرنگ ڈیسک، نیوز ایجنسیاں) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے اجلاس میں اسرائیل اور امریکا کے مندوبین نے تلخ تقاریر کیں اور ایران کو سنگین نتائج بھگتنے کی دھمکیاں دیں، جس کے جواب میں ایران نے بھی بھرپور جوابی کارروائی کا عندیہ دیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق ایران کے اسرائیل پر حملے کے بعد اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کا ہنگامی اجلاس ہوا جس میں اسرائیل نے ایران پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

ایرانی صدر 22 اپریل کو پاکستان پہنچیں گے، صدر آصف زرداری، وزیراعظم شہباز شریف اور آرمی چیف سے ملاقات کریں گے

تہران (آئی این پی) اسرائیل پر حملے سے پیدا ہونے والی صورت حال کے بعد ایران کے صدر ابراہیم رئیسی کے پاکستان کے دورے کا اعلان کیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

ووٹرز کی تعداد 13 کروڑ سے تجاوز کر گئی، الیکشن کمیشن نے نیا ڈیٹا جاری کر دیا

مرد ووٹرز کی تعداد 7 کروڑ 43 ہزار 472 جب کہ خواتین ووٹرز کی تعداد 6 کروڑ 92 ہزار 839 ہے، الیکشن کمیشن

اسلام آباد (آئی این پی) الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے ملک کے ووٹرز کا نیا ڈیٹا جاری کر دیا گیا ہے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق ملک بھر میں ووٹرز کی کل تعداد 13 کروڑ ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

اقتصادی تعاون کو فروغ دینے کیلئے سعودی وزیر خارجہ پاکستان پہنچ گئے

وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے سعودی وفد کا استقبال کیا، وفد میں وزیر ماحولیات انجینئر عبدالرحمان عبدالمحسن الفضلی بھی شامل ہیں

اسلام آباد (آئی این پی) سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان کی سربراہی میں اعلیٰ سطح کا وفد 2 روزہ دورے پر پاکستان پہنچ گیا۔ وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے سعودی وفد کا استقبال کیا۔ سعودی وفد میں وزیر ماحولیات انجینئر عبد الرحمان عبد المحسن الفضلی بھی شامل ہیں۔ سعودی وفد پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

مبینہ دھاندلی، پی ٹی آئی نے اسلام آباد کی 3 نشستوں کے نتائج کو چیلنج کر دیا

مشرق وسطی میں جاری کشیدگی پر پاکستان کو گہری تشویش ہے، دفتر خارجہ

پاکستان نے خطے میں امن کے قیام اور غزہ میں جنگ بندی کے لیے بین الاقوامی کوششوں کی ضرورت پر زور دیا ہے

وزیراعظم میاں شہباز شریف کی زیر صدارت بجلی کے شعبے کے حوالے سے اجلاس، نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کو بارشوں سے متاثرہ مقامات پر امدادی سامان پہنچانے کی ہدایت کر دی

آئل مافیا ملک کی دولت کو نچوڑ رہا ہے، شہباز شریف

بجلی چوری کو روکنا ہے، یہ بہت بڑا چیلنج ہے جس سے بخوبی انداز میں نمٹیں گے، پنجاب میں اس حوالے سے اچھی پیش رفت ہوئی باقی صوبے بھی اس میں تعاون کرینگے، بجلی کے ترسیلی نظام کی بری حالت ہے

بجلی اور ٹرانسپورٹ کی ضروریات پوری کرنے کے لیے 27 ارب ڈالر کی تیل درآمدات کی جاتی ہیں وہ کم نہیں کر سکتے جب تک یہاں الیکٹرک ٹرانسپورٹ نہ چلائیں، وزیراعظم کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد، وزیراعظم میاں شہباز شریف بجلی کے شعبے کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

بہاولنگر واقعہ سے کوئی مورال کم نہیں ہوا، گھر میں بھائیوں کی بھی لڑائی ہو جاتی ہے، انڈیا میں بھی تو فوج اور پولیس میں لڑائی ہوئی ہے وہاں تو شور نہیں

بھارت پاکستان میں براہ راست کارروائیوں میں ملوث ہے، محسن نقوی

سربجیت سنگھ کے قتل میں ملوث شخص عامر تانبا پر فائرنگ کے واقعے میں بھارت کے ملوث ہونے کا شبہ ہے، عامر تانبا پر فائرنگ واقعے کی تفتیش ہو رہی ہے

ملک میں بجلی کی قیمت بہت زیادہ ہے، ہماری میٹنگ بھی اوور بلنگ پر تھی، افسوس کی بات ہے سرکاری دفاتر عام آدمی کو اوور بل کر رہے تھے

سوشل میڈیا سے متعلق قوانین کی ضرورت ہے، جھوٹی خبریں پھیلانے والے کے خلاف سخت قانون بنائے جائیں گے، وزیر داخلہ کی پریس کانفرنس

لاہور، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سابق وفاقی وزیر پرویز خٹک نے سیاست میں دوبارہ واپس آنے کا فیصلہ کر لیا

سابق وزیراعلیٰ کی پیپلز پارٹی اور دیگر سیاسی جماعتوں سے بات چیت جاری

بشریٰ بی بی نے میڈیکل چیک اپ کیلئے ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر دی

مجھے خوراک کے ذریعے زہر دیئے جانے کا خدشہ ہے، درخواست میں موقف

آصفہ بھٹو کی نواب شاہ سے بلا مقابلہ کامیابی سندھ ہائی کورٹ میں چیلنج

ہمارے کاغذات مسترد کیے گئے، ہم نے واپس نہیں لیے، درخواست گزار

سابق کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ نے عدالت میں اپنا جواب جمع کروا دیا

میرے خلاف 2 انکوائریاں چل رہی ان میں پیش ہو رہا ہوں، سابق کمشنر

عمران خان کے کیسز کے ٹرائل قانون کی نظر میں مذاق ہیں، شیر افضل مروت

اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان نے صوبائی اسمبلی کا اجلاس آج طلب کر لیا

سعودی عرب کی ریکوڈک میں 1 بلین ڈالر کی سرمایہ کاری جلد متوقع

پختونخوا، جے یو آئی کو مخصوص نشست دینے کیخلاف ن لیگ نے عدالت سے رجوع کر لیا

قرضوں کی ادائیگی کیلئے آئی ایم ایف سے قرضے لینے پڑ رہے، احسن اقبال

حکومت کو سالانہ 7 ہزار ارب کا ریونیو ملتا ہے جبکہ 5 ہزار ارب قرض کی ادائیگی کرنی ہے، وفاقی وزیر

صحافت کی دنیا میں نیا نام ...... قوی نیوز اور روزنامہ قوی اخبار
روزنامہ قوی اخبار راولپنڈی/اسلام آباد کی عوام کی آواز
QAVI NEWS

عمران خان اور دیگر قیادت کیخلاف کیسز میں کچھ بھی نہیں ہے، عمر ایوب

سائفر کیس ریت کی دیوار کی طرح بہہ گیا ہے، حکومت کو مان لینا چاہیے کہ ان کا نشانہ صرف بانی پی ٹی آئی ہے، حکومت کا مقصد عمران خان کو نشانہ بنانا تھا

دوران عدت نکاح کیس میں کچھ نہیں ہے، حکومتی وکیل مسلسل عدالت سے بھاگ رہے ہیں، اسلام آباد ڈسٹرکٹ کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو

یہ حکومت 5 مہینے ہی پورے کر لے تو بہت بڑی بات ہے، فواد چوہدری

پاکستان میں ٹمپریچر نیچے لانے کی ضرورت ہے، اتنی زیادہ لڑائیاں ہو رہی ہیں ملک کو نقصان پہنچتا ہے، ہم تو منت ہی کر سکتے ہیں کہ بس اب آگے بڑھیں

بانی پی ٹی آئی کو جیل میں رکھ کر ٹمپریچر نیچے نہیں آ سکتا، معیشت کی حالت یہ ہے بیرون ملک مقیم پاکستانی بھی یہاں انویسٹ کرنے کو تیار نہیں، سابق وزیر

جی 7 اجلاس، اسرائیل کی مکمل حمایت اور ایران پر پابندیوں کا فیصلہ

غزہ میں فوری اور مستقل جنگ بندی کیساتھ اسرائیلی یرغمالیوں کی رہائی اور امداد کی ترسیل کیلئے کام کرتے رہیں گے

Meloni
Kishida
Sunak
Macron
Trudeau
President Biden

بھارت کی فوجی پالیسیاں علاقائی و عالمی سلامتی کیلئے خطرہ ہیں، منیر اکرم

قاضی فائز عیسیٰ کو فکسڈ چیف جسٹس بنانے کی تیاریاں جاری ہیں، تحریک انصاف

قاضی فائز عیسیٰ حکومت اور طاقتور حلقوں کے مقاصد کے حصول کے لیے کردار ادا کر رہے ہیں، رؤف حسن

سندھ میں امن و امان کی صورتحال تسلی بخش نہیں ہے، سید مراد علی شاہ

اسٹاک مارکیٹ، ملکی تاریخ میں پہلی بار 70500 پوائنٹس کی نفسیاتی حد عبور

کاروباری تیزی سے مارکیٹ کے سرمائے میں 64 ارب روپے سے زائد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا

دہشتگردی کی حالیہ لہر، پنجاب میں 9 ہزار افراد واچ لسٹ میں شامل کر لیے گئے

9883 افراد کی باقاعدہ نگرانی شروع کر دی گئی، 19 ہزار سے زائد درسگاہوں کی جیو ٹیگنگ مکمل کر لی گئی ریکارڈ کے مطابق پنجاب میں 2298 افغان تربیت یافتہ افراد موجود ہیں

مقامی طور پر عسکریت پسندی کی تربیت لینے والے 1566 نوجوانوں کی نشاندہی بھی کر لی گئی ہے جبکہ شام سے واپس آنے والے 65 افراد بھی واچ لسٹ میں شامل ہیں

سندھ سمیت کراچی میں بدامنی نگران حکومت کی لاپرواہی ہے، ضیاء الحسن لنجار

سیاسی جماعتوں کے بیانات مسترد کرتا ہوں، ہم سب کو مل کر کام کرنا ہوگا، صوبائی وزیر داخلہ

عید الفطر کے موقع پر سیاحوں کی خیبر پختونخوا آمد میں 5 گنا اضافہ

عدت کیس، خاور مانیکا کے وکیل دلائل دینے سے کیوں ڈر رہے ہیں، عدالت

خاور مانیکا کے وکیل رضوان عباسی بغیر سماعت ملتوی ہوئے کمرہ عدالت چھوڑ کر چلے گئے

طیارے میں جگہ نہیں ہے، پی آئی اے 50 مسافروں کو دبئی ایئرپورٹ پر چھوڑ آئی

ادویات کی فراہمی میں ایک فیصد بھی تعطل برداشت نہیں، خواجہ سلمان رفیق

پنجاب کی عوام کیلئے ہیلتھ انشورنس پروگرام کی سہولت بلاتعطل جاری رہے گی، صوبائی وزیر صحت پنجاب

ایران سے جنگ ختم نہیں ہوئی، اسرائیلی کابینہ کا جوابی کارروائی پر غور جاری

اصول طے کیا ہے کہ جو کوئی ہمیں نقصان پہنچائے گا، اسے نہیں چھوڑیں گے، اسرائیلی وزیراعظم کی دھمکی

چینی کار ساز کمپنیوں کا جرمن مارکیٹ میں مشروط خیر مقدم

بارشوں کا سلسلہ جاری، لوئر دیر میں چھت گرنے سے 4 افراد ملبے تلے دب گئے

بجلی بلوں میں زائد یونٹ ڈالنے والا واپڈا ملازم ریمانڈ پر ایف آئی اے کے حوالے

ایران کا اسرائیل پر حملہ، سلامتی کونسل کا اجلاس بغیر نتیجے کے ملتوی کر دیا گیا

کسی بھی ریاست کی علاقائی سالمیت کے خلاف طاقت کا استعمال منع ہے، سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس

افغانستان میں بڑھتے معاشی و سیکیورٹی مسائل، طالبان میں شدید اختلافات

گزشتہ دنوں عید الفطر کے موقع پر سخت گیر طالبان اور اعتدال پسند طالبان کی جانب سے جاری کیے گئے پیغامات میں یہ بات واضح طور پر نظر آئی ہے

افغانستان میں اعتدال پسند طالبان سخت پالیسیوں کو ختم کر کے دنیا کو مثبت پیغام دے کر بیرونی حمایت حاصل کرنا چاہتے ہیں، فوکس نیوز کی رپورٹ

پشاور، موسلادھار بارش کے باعث مکان کی چھت گرنے کے بعد امدادی کارروائیاں جاری ہیں

اسرائیل نے ایرانی حملے سے نیواتیم ایئربیس کو نقصان پہنچنے کا اعتراف کر لیا

اسرائیل کے اس اڈے کو نشانہ بنایا گیا جہاں سے دمشق میں ایرانی سفارتخانہ پر حملہ کیا گیا تھا

یہودی ریاست کے سب سے بڑے فوجی اڈے کی ویڈیوز اور تصاویر جاری، حملے سے ایئربیس کے 3 رن وے کو نقصان ہوا، اسرائیلی فوج کے ترجمان کا بیان

Editorial ادارتی صفحہ

قائداعظم محمد علی جناح

اگر ہم اس عظیم مملکت پاکستان کو خوش اور خوشحال بنانا چاہتے ہیں تو ہمیں اپنی پوری توجہ لوگوں بالخصوص غریب طبقے کی فلاح و بہبود پر مرکوز کرنی پڑے گی۔

ایران کا اسرائیل پر حملہ، عالمی جنگ کے خطرات بڑھ گئے

بھارت ترقی کی طرف اور پاکستان بحرانوں کی طرف

تحریر: ضیاء الرحمٰن ضیاء

اسرائیل متعدد ممالک سے خفیہ معاہدے

تحریر: ڈاکٹر ساجد خاکوانی

عید کارڈ اور خود نمائی

تحریر: ہارون رشید قریشی

مرگی کا علاج اور احتیاطی تدابیر



مرگی ایک دماغی بیماری

مرگی کتنی عام ہے؟

مرگی کی تشخیص کیسے ہوتی ہے؟

مرگی کا علاج کیا ہے؟

مرگی کی وجہ کیا ہے؟

مرگی کے دورے کیا ہیں؟

SHOWBIZ شوبز

خواتین کو اپنے حقوق کے حصول کیلئے تعلیم کو اپنا ہتھیار بنانا ہوگا، جنت مرزا

آج بھی خواتین کو جائیدادوں میں حصہ نہیں دیا جاتا اور ان کا استحصال کیا جاتا ہے، ٹک ٹاکر

فنکار تفریح دیتے ہیں، والدین اپنے بچوں کی خود تربیت کریں، اشنا شاہ

تفریح فراہم کرنیوالے (فنکار) محض عوام کو تفریح دینے کیلئے ہوتے ہیں، اداکارہ

والدین نے کیریئر سمیت ہر معاملے میں خودمختاری دی، ماورا حسین

کسی کا ظاہر دیکھ کر اس کے ایمان پر سوال نہیں اٹھایا جا سکتا، آئمہ بیگ

وحید مراد کیساتھ ازدواجی زندگی میں کبھی شک کا گزر نہیں ہوا، سلمیٰ مراد

میرا دور کبھی ختم نہیں ہوگا، ہمیشہ یہیں رہوں گا، سلمان خان

شادی کیلئے لڑکا لمبا ہو چاہے بے شک وہ غریب ہی کیوں نہ ہو، آمنہ الیاس

پاکستانی خواتین کو اپنے حقوق کیلئے اپنی آواز بلند کرنا ہوگی، حریم فاروق

ہمارے معاشرے میں آج بھی خواتین کے ساتھ تشدد کیا جاتا ہے، معروف اداکارہ

Page 3 بقیہ جات

اسلام آباد میں موسلادھار بارش، سی ڈی اے، ایم سی آئی اور آئی سی ٹی کی ٹیمیں مکمل طور پر متحرک

شہر میں بارش کے باعث کھڑے ہونے والے پانی کی شکایات کو بروقت رسپونڈ کرنے کیساتھ شاہراہوں سے رجوع ہونے والے پانی کو بھی کلیئر کیا گیا

اسی طرح متعلقہ عملے کی مختلف اوقات میں ڈیوٹیاں بھی تقسیم کر دی گئیں ہیں جبکہ نشیبی علاقوں کی سخت نگرانی کو بھی یقینی بنایا جا رہا ہے

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹی ننس آج بجلی بند رہے گی

آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے، گرد و نواح کی بجلی بند رہے گی

وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا مری اور دیگر سیاحتی مقامات پر پلاسٹک استعمال پر پابندی کا حکم

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد، جس میں مری کے مسائل، ضروریات اور ڈویلپمنٹ پراجیکٹس پر بریفنگ دی گئی

پارکنگ کیلئے کیبل کار، جدید ٹرام چلانے کے اقدامات کی ہدایت، مری میں انٹری کیلئے گاڑیوں کو پرمٹ کارڈ ایشو کرنے کی تجویز کا جائزہ لیا گیا

نیو مری سوسائٹی عریش ہوٹل اینڈ ریسٹورنٹ کی شاندار افتتاحی تقریب

افتتاحی تقریب میں سیاسی و سماجی شخصیات کے علاوہ کثیر تعداد میں عوام نے شرکت کی

چیئر لفٹ ضروری مینٹیننس کے بعد سیاحوں کیلئے کھول دی گئی تھی، معظم نذیر

اس دفعہ عید الفطر کے موقع پر سیاحوں کے لیے ڈی سی پی کی جانب سے خصوصی انتظامات کیے گئے

ریئل اسٹیٹ سیکٹر کی تجاویز کو بجٹ کا حصہ بنایا جائے، رانا قیصر

تعمیراتی سیکٹر کو ایمنسٹی جیسی مراعات دوبارہ دی جائیں تاکہ سرمایہ کاروں کی دلچسپی بڑھے

اسلام آباد ٹریفک پولیس کا محفوظ سفر یقینی بنانے کیلئے ایک اور اہم اقدام

گیس سلنڈر والی گاڑیوں اور فٹنس سرٹیفکیٹ نہ رکھنے والی پبلک سروس گاڑیوں کیخلاف کارروائی کا فیصلہ

ڈپٹی کمشنر راولپنڈی حسن وقار چیمہ کی زیر صدارت انسداد ڈینگی اجلاس

حالیہ بارشیں ڈینگی کی افزائش نسل میں اضافے کا سبب بن سکتی ہیں، اجلاس سے خطاب

گوجر خان، ضیاء شاہد مرحوم کی تیسری برسی کے موقع پر دعائیہ تقریب کا اہتمام

مرحوم ضیاء شاہد نے صحافت کو جدت دی، مظلوم کی آواز بن کر ظالم کا راستہ روکا، تقریب سے شرکاء کا خطاب

وفاقی پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن، 09 گرفتار

منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج، مزید تفتیش جاری

تھانہ سنبل پولیس نے 10 قمار بازوں کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا

گرفتار ملزمان کے قبضہ سے داؤ پر لگی ہوئی نقدی اور آلات قمار بازی برآمد کر لیے گئے

محکمہ موسمیات کی ملک میں 16 سے 19 اپریل تک مزید بارشوں کی پیشگوئی

ریٹائرڈ ہونیوالے انسپکٹر محمد اسلم کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا انعقاد

تقریب میں سی پی او سیف سٹی و ٹریفک اور ایس ایس پی سیف سٹی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی

نجی اکیڈمی کے ٹیچر کی 12 سالہ بچے سے بدفعلی، ویڈیو بنا کر بلیک میلنگ کرتا رہا

اسلام آباد، مارگلہ پولیس کی کارروائی، راہزنی میں ملوث 2 ملزمان گرفتار

گرفتار ملزمان کے قبضہ سے چھینی گئی نقدی اور وارداتوں میں استعمال ہونیوالا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا گیا

ہائی سیکیورٹی زون میں کوائف کے اندراج اور تلاشی کا عمل جاری

خلاف ورزی پر متعدد گاڑیوں اور موٹر سائیکل سواروں کے خلاف قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی گئی

گوجر خان پولیس سرکل تھانہ مندرہ کے انچارج اور انکی ٹیم کی کارروائی

کلہاڑیوں کے وار کر کے شہری کو قتل کرنے والے قاتل کو چند روز میں ہی گرفتار کر لیا

ٹریفک حادثے میں نوجوان جاں بحق، شادی کی خوشیوں کا گھر ماتم میں تبدیل

بارات کی جگہ جنازہ اٹھ گیا، علاقہ کی فضا سوگوار، شہریوں کی جانب سے شدید دکھ کا اظہار

پبلشر معین الدین نے روحانی پریس محمدی ٹاؤن سوہان ایکسپریس وے اسلام آباد سے چھپوا کر ثاقب پلازہ نزد MCB بینک لہتراڑ روڈ کھنہ پل اسلام آباد سے شائع کیا
چیف ایڈیٹر: معین الدین چوہدری
ایڈیٹر: اسد محمود چوہدری
ہیڈ آفس
ثاقب پلازہ نزد MCB بینک لہتراڑ روڈ کھنہ پل اسلام آباد
رابطہ نمبر
051-2241980 / 2617439
0333-5750379

پنجاب میں روٹی کی قیمت 16 روپے مقرر، اسلام آباد میں بھی روٹی اور نان کی قیمتوں میں کمی، پنجاب میں تندور مالکان کا حکومتی ریٹس پر روٹی دینے سے انکار



ضلعی انتظامیہ اسلام آباد کی جانب سے روٹی کی نئی قیمت کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا، 120 گرام وزن کی روٹی 16 روپے اور 120 گرام وزن کے نان کی قیمت 20 روپے مقرر کر دی گئی ہے

آٹا اگر سستا ہوا ہے تو ابھی ملا نہیں جبکہ بجلی، گیس اور پیٹرول مہنگے ہو گئے تو روٹی نان سستی کیسے دیں (تندور مالکان کا حکومت کو جواب) روٹی اور نان کی نئی قیمتوں پر عمل درآمد کیلئے کریک ڈاؤن کا آغاز

رپورٹ قوی اخبار

لاہور سمیت پنجاب میں عوام کے لیے روٹی کی قیمت کم کر کے 16 روپے مقرر کر دی گئی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر پیغام جاری کرتے ہوئے لکھا کہ الحمدللہ، حکومت پنجاب نے روٹی کی قیمت کم کر کے 16 روپے فی روٹی مقرر کر دی ہے۔

نانبائی ایسوسی ایشن کا موقف مسترد کرتے ہیں، نان بائی ایسوسی ایشن سے درخواست ہے حکومت کسی کیساتھ سختی نہیں کرنا چاہتی، عام آدمی کے ریلیف میں کسی رکاوٹ کو برداشت نہیں کیا جائے گا، 100 گرام کی روٹی کی قیمت 16 روپے مقرر کی گئی ہے، نان 20 روپے میں دیا جائے گا۔ نان اور روٹی کی قیمتوں میں کمی کا جو حکم جاری کیا گیا ہے اس پر ہر صورت عملدرآمد یقینی بنانا ہوگا، 20 کلو آٹے کی قیمت میں 500 روپے کمی ہوئی ہے، آنے والے دنوں میں آٹے کی قیمت میں مزید کمی آئے گی۔ جو مافیاز عوام کے ریلیف میں حائل ہوں گے ان کو معاف نہیں کیا جائے گا، صوبائی وزیر اطلاعات و نشریات عظمیٰ بخاری کی پریس کانفرنس